# مقدس جارج (شہید)

آپ کپادوقیہ میں پیدا ہوئے اور آپ کو یہ شرف حاصؒ ہے کہ مسیحیت کی جامع تعلیم آپ نے اپنی والدہ سے پائی۔جوانی میں آپ رومی فوج میں سپاہی بھرتی ہوئے۔اور آپ نے اُس وقت کے ظالم بادشاہوں کا بھی مقابلہ کیا جو خاص کر مسیحیت کے خلاف تھے۔اِسی وجہ سے آپ کو جلِادوں کے حوالے کر دیا گیا۔جنہیں یہ اختیار دیا گیا تھا کہ وہ ہر قسم کی مختلف اذیتیں دے کر آپ کو موت کی نیند سُلا دیں۔آپ کو بے انتہا مارا گیا،گرم لوہے کی سلاخوں سے آپ کے جسم کو داغا گیا،پینے کیلیئے زہر دیا گیا،دو پہیوں کے درمیان کچلا گیا اور تپتے ہوئے سیسے کی دیگ میں دھکیلا گیا تاہم اِن تمام اذیتوں کے باوجود آپ معجزانہ طور پر بچ نکلے۔حاکمِ وقت اور جلادوں کو ایک وقت ایسا لگا کہ آپ اُن کے بتوں کے آگے قربانی چڑھانے کیلیئے تیار ہو گئے ہیں۔جب تمام لوگ جمع ہو گئے تو آپ نے دُعا مانگنا شروع کی اور یک بارگی آسمان سے آگ نازل ہوئے جس سے غیر قوم کے کاہن اور لوگ بھسم ہو گئے۔آخر کار آپ کا سر قلم کر دیا گیا اور آپ 23 اپریل 303 کو خداوند میں ابدی نیند سو گئے۔آپ مشرقی کلیسیاؤں میں عظیم

شہید کے طور پر یاد کیئے جاتے ہیں۔ اِس کے علاوہ آپ جارجیا، اسپین ، پرتگال ،اٹلی ،لتھونیا اور برطانیہ میں بھی مشہور ومعروف ہیں۔ آپ برطانیہ کے مربی بھی کہلاتے ہیں۔ تصاویر میں عموماً آپ کو ایک اژدھا پر غالب آتے ہوئے دکھایا جاتا ہے۔

اے قدوس اور مہربان خداوند خدا! تُو اپنے شہداء کے ذریعے ہمیں سکھاتا ہے کہ کس طرح انہوں نے دُکھ سہہ کے ایمان کو پروان چڑھایا۔ ہمیں بھی یہ عطا کر کہ ہم روزمرہ زندگی میں بے پناہ مضبوطی سے تیرے وفادار رہیں اور تیری گواہی دیتے رہیں۔ آمین